# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON LAW AND JUSTICE ON THE CONSTITUTIONAL (AMENDMENT) BILL, 2024

I, Chairman of the Standing Committee on Law and Justice, have the honour to present this report on the Bill further to amend The Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Private Member's Bill) (Article 9-A) referred to the Committee on 30th July, 2024.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Ch. Mahmood Bashir Virk** | **Chairman** |
| 2. | Mr. Muhammad Mueen Watto | Member |
| 3. | Mr. Muhammad Raza Hayat Harraj | Member |
| 4. | Rana Muhammad Qasim Noon | Member |
| 5. | Ms. Zahra Wadood Fatemi | Member |
| 6. | Ms. Kiran Haider | Member |
| 7. | Syed Ali Qasim Gillani | Member |
| 8. | Dr. Nafisa Shah | Member |
| 9. | Syed Abrar Ali Shah | Member |
| 10. | Syed Naveed Qamar | Member |
| 11. | Syed Hafeezuddin | Member |
| 12. | Mr. Hassaan Sabir | Member |
| 13. | Mr. Sohail Sultan | Member |
| 14. | Mr. Gohar Ali Khan | Member |
| 15. | Mr. Ali Muhammad Khan | Member |
| 16. | Mr. Umair Khan Niazi | Member |
| 17. | Mr. Changaze Ahmad Khan | Member |
| 18. | Sardar Muhammad Latif Khan Khosa | Member |
| 19. | Ms. Aliya Kamran | Member |
| 20. | Minister for Law and Justice | Ex-officio Member |

**3.** The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at Annex-A, in its meetings held on the 27th September, 12th November, 2024 and 9th January 2025. The Committee, recommended with majority that the Bill may not be passed by the Assembly.

**Sd/-**
**TAHIR HUSSAIN**
Secretary General
Islamabad, the 24th January 2025

**Sd/-**
**(Ch. Mahmood Bashir Virk)**
Chairman

AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE ANNEX -'A'

A

**BILL**

*further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan*

WHEREAS, it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purposes hereinafter appearing;-

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**-(1) This Act shall be called the Constitution (Amendment) Bill, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Insertion of new Article 9-A in the Constitution.**- In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, after Article 9, the following new Article 9-A shall be inserted, namely:-

"9-A (1) The State shall be provide free health services to all citizens of Pakistan to enjoy the highest attainable standard of physical and mental health in such manner as may be determined by law.

(2) Every individual shall have affordable and equitable access to the health facilities."

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

The provision of health is an inalienable human right, globally recognized as a fundamental right. Despite numerous efforts to improve health infrastructure and services, significant disparities in access to healthcare persist across the country. The Constitution of Pakistan, while enshrine several fundamental rights, does not explicitly recognize the right to health as an independent and fundamental right. To ensure people access to free health services and enable them to enjoy the highest attainable standard of physical and mental health, the right to health should be declared as fundamental human right in the Constitution of Pakistan. This is essential to address the pressing need for accessible and equitable healthcare services for all citizens of Pakistan.

The Bill seeks to achieve the above objectives.

Sd/-
**MR. AMJAD ALI KHAN,**
Member, National Assembly

"منسلکہ - الف"

[ قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں ]

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛
بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔
(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **دستور میں نئے آرٹیکل ۹-الف کی شمولیت۔** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں آرٹیکل ۹ کے بعد درج ذیل نیا آرٹیکل ۹-الف شامل کیا جائے گا، یعنی:۔

"۹-الف (۱) ریاست پاکستان کے تمام شہریوں کو جسمانی اور ذہنی صحت کے اعلیٰ ترین قابل حصول معیار سے مستفید ہونے کے لیے صحت کی مفت خدمات قانون میں متعین کردہ طریقہ کار کے مطابق فراہم کرے گی۔
(۲) ہر فرد کو صحت کی سہولیات تک سستی اور یکساں رسائی حاصل ہوگی۔"

## بیان اغراض و وجوہ

صحت کی فراہمی ایک لازمی انسانی حق ہے جسے عالمی سطح پر بنیادی حق کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔ صحت کے بنیادی ڈھانچے اور خدمات کو بہتر بنانے کی متعدد کوششوں کے باوجود پورے ملک میں حفظان صحت تک رسائی میں نمایاں فرق پایا جاتا ہے۔ پاکستان کا دستور اگرچہ کئی بنیادی حقوق کا احاطہ کرتا ہے، صحت کے حق کو ایک الگ اور بنیادی حق کے طور واضح طور پر تسلیم نہیں کرتا۔ صحت کی مفت خدمات تک لوگوں کی رسائی یقینی بنانے اور انہیں جسمانی اور ذہنی صحت کے اعلیٰ ترین قابل حصول معیار سے مستفید ہونے کے قابل بنانے کے لیے پاکستان کے دستور میں صحت کے حق کو بنیادی انسانی حق قرار دیا جائے۔ پاکستان کے تمام شہریوں کے لیے حفظان صحت کی قابل رسائی اور یکساں خدمات کی اہم ضرورت کو پورا کرنے کے لیے یہ ضروری ہے۔

بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/۔
جناب امجد علی خان
رکن قومی اسمبلی

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

**دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف کی رپورٹ۔**

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف ۳۰ جولائی، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (نجی رکن کا بل) (آرٹیکل ۹۔الف) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **چوہدری محمود بشیر ورک** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | جناب محمد معین وٹو | رکن |
| ۳۔ | جناب محمد رضا حیات ہیراج | رکن |
| ۴۔ | رانا محمد قاسم نون | رکن |
| ۵۔ | محترمہ زہرہ ودود فاطمی | رکن |
| ۶۔ | محترمہ کرن حیدر | رکن |
| ۷۔ | سید علی قاسم گیلانی | رکن |
| ۸۔ | ڈاکٹر نفیسہ شاہ | رکن |
| ۹۔ | سید ابرار علی شاہ | رکن |
| ۱۰۔ | سید نوید قمر | رکن |
| ۱۱۔ | سید حفیظ الدین | رکن |
| ۱۲۔ | جناب حسان صابر | رکن |
| ۱۳۔ | جناب سہیل سلطان | رکن |
| ۱۴۔ | جناب گوہر علی خان | رکن |
| ۱۵۔ | جناب علی محمد خان | رکن |
| ۱۶۔ | جناب عمیر خان نیازی | رکن |
| ۱۷۔ | جناب چنگیز احمد خان | رکن |
| ۱۸۔ | سردار محمد لطیف خان کھوسہ | رکن |
| ۱۹۔ | محترمہ عالیہ کامران | رکن |
| ۲۰۔ | وزیر برائے قانون وانصاف | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۷ ستمبر، ۱۲ نومبر، ۲۰۲۴ء اور ۹ جنوری، ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی نے اکثریت سے سفارش کی کہ اسمبلی بل کو منظور نہ کرے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری جنرل

دستخط/۔
(چوہدری محمود بشیر ورک)
چیئرمین

اسلام آباد، ۲۴ جنوری، ۲۰۲۵ء